کتاب اس لائق ہے کہ ہر گھر کے والدین اور ہر معلمِ اطفال کے سامنے رہے اور یہ لوگ اس سے استفادہ کریں۔

دیوانِ درد: مرتبہ ڈاکٹر ظہیر احمد صدیقی: تقطیع خورد ضخامت ۲۲۴ صفحات۔ کتابت وطباعت بہتر، قیمت 3/50 - پتہ:- مکتبۂ جامعہ لمیٹڈ، جامعہ نگر، نئی دہلی۔

میر درد دلی کے اُن چند اکابر شعرا میں سے ہیں جن کے دم قدم سے شاعری کے دلی اسکول کی عزت اور بھرم قائم ہے، میر درد چونکہ خود اکابر صوفیا میں بھی شمار ہوتے ہیں اس لئے آپ کا کلام مجاز وحقیقت دونوں کے حسن اور اُن کے اسرار ورموز کا ترجمان وآئینہ دار ہے اور اس بنا پر کسی قدر مشکل بھی ہے، اگرچہ آپ کا دیوان اچھا بُرا متعدد بار چھپ چکا ہے اور اُس کے قلمی نسخے بھی کم یاب نہیں ہیں، لیکن زیرِ تبصرہ کتاب دیوانِ درد کا پہلا اڈیشن ہے جو جدید اصول وضوابط کی روشنی میں بڑی محنت اور تحقیق سے اڈٹ کیا گیا ہے، ۱۲۲۲ھ کے ایک مخطوطہ کو اصل بنا کر اختلافِ نسخ ظاہر کرنے کے ساتھ مشکل اور نامانوس الفاظ وتراکیب کی تشریح بھی حواشی میں کردی گئی ہے، اور آخر میں ایک فرہنگ الگ ہے، شروع میں میر درد کی شخصیت اور شاعری اور اس ضمن میں تصوف اور اُس کے بعض سلسلوں پر فاضلانہ گفتگو اور بحث ہے۔ امید ہے کہ اربابِ ذوق اس کی قدر کریں گے۔

نشریاتِ ماجد: از مولانا عبدالماجد دریا بادی۔ تقطیع خورد، ضخامت ۲۶۴، کتابت طباعت بہتر۔ قیمت ۳/۵۰

پتہ:- نسیم بک ڈپو، لاٹوش روڈ۔ لکھنؤ۔

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے، یہ کتاب اُن ۳۳ مضمونچوں کا مجموعہ ہے جو مولانا نے ۳۸ء سے ۵۴ء تک گویا سولہ برس کی مدت میں لکھنؤ یا کسی اور شہر کے ریڈیو اسٹیشن سے نشر کئے ہیں، اس مجموعہ میں مذہبی، ادبی، اصلاحی اور سوانحی ہر قسم کے مضامین ہیں، اور اس میں شک نہیں کہ نشریہ مضامین میں وقت کی پابندی اور بعض دوسرے قواعد وضوابط کی